پریس ریلیز

پرنسپل جنرل ہسپتال کے والد کی برسی آج منائی جائے گی

لاہور 26 دسمبر:...... پرنسپل پی جی ایم آئی/اے ایم سی ولاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کے والد محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد حیات ظفر کی 18ویں برسی آج 27 دسمبر بروز منگل اُن کے آبائی گاؤں سلطان محمود تحصیل کبیر والا میں منائی جائے گی جہاں اُن کے لئے خصوصی دعائے مغفرت اور قرآن خوانی کا اہتمام کیا جائے گا۔ مرحوم پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے سابق صدر اور یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے پہلے وائس چانسلر تھے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پروفیسر محمد حیات ظفر مرحوم نے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز کے صدر، چیئرمین بورڈ آف مینجمنٹ اور نشتر میڈیکل کالج کے پرنسپل کے عہدوں پر خدمات سرانجام دیں۔ اُن کا شمار قائداعظم محمد علی جناح کے قریبی اور با اعتماد ساتھیوں میں ہوتا تھا جنہوں نے قیام پاکستان کی تحریک میں بھی نا قابل فراموش خدمات سرانجام دیں۔ پروفیسر محمد حیات ظفر کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت اور قرآن خوانی 27 دسمبر کو اُن کی رہائشگاہ پر صبح 10 بجے شروع ہوگی اور بعد از نماز ظہر دعا کی جائے گی۔

☆☆☆☆